ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(10)

مورخہ 05.01.24

بہاول پور(　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ سول لائنیز،تھانہ اوچشریف اور تھانہ سٹی یزمان پولیس کی مختلف کارروائیوں میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنیز پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 کلو 210 گرام چرس،660 گرام ہیروئن اور 21 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔اسی طرح اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ اوچشریف اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،منشیات کے خاتمے تک آپریشن جاری رکھا جائیگا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ سول لائنیز،تھانہ اوچشریف اور تھانہ سٹی یزمان پولیس کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(11)

05.01.24

بہاول پور(   )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد وامام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(12)

05.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ کوتوالی پولیس کا نجی گیسٹ ہاؤس پر چھاپہ، مرد و خواتین سمیت 06 ملزمان رنگ رلیاں مناتے گرفتار۔معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی پر امن معاشرے کی ضمانت ہے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق تھانہ کوتوالی پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔نجی گیسٹ پر ہاؤس ریڈ کر کے 06 ملزمان مرد و خواتین ارسلان ندیم ،عبدالماجد اور ریاض گرفتار کیا گیا جبکہ دعا افضل، ہانیہ اور عائشہ کی بذریعہ لیڈی کنسٹیبل گرفتاری عمل میں لائی گئی۔تمام گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس حوالے سے ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی پر امن معاشرے کی ضمانت ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ کوتوالی پولیس کا نجی گیسٹ ہاؤس پر چھاپہ، مرد و خواتین سمیت 06 ملزمان رنگ رلیاں مناتے گرفتار